© rasailojaraid.com



● کتاب: عالم برزخ کے عبرت انگیز واقعات مصنف: حافظ مومن خان عثمانی

ضخامت: ۳۴۸ صفحات قیمت: ۱۵۰ روپے ناشر: دارالکتاب کتاب مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

تبصرہ: ابوالادیب:

آج کل مادیت کا دور ہے کہ میت کو دفنانے کے بعد قبر کو خوب سجایا جاتا ہے۔ گنبد بنا کر ماربل، ٹائل، چاردیواری، روشنی کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ بائیس بائیس گز کی چادر چڑھائی جاتی ہے۔ قبر کے گنبد کو سونے کے کلس سے سجایا جاتا ہے اور یہ سمجھ ہی نہیں کہ قبر والے کو اس تصنع، نمائش اور دکھاوے کا کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ اس کے اعمال اس کا ساتھ دیتے ہیں۔ یا بعد میں اس کے عزیز واقارب، دوست احباب اگر اس کے لیے ایصالِ ثواب کرتے ہیں۔ نفل، قرآن مجید پڑھتے ہیں۔ دعائے مغفرت کرتے ہیں۔ تو اس کے لیے وہ نفع بخش ہے۔ مرنے کے بعد قبر والے پر کیا گزرتی ہے۔ کتاب ھذا میں وہ عبرت انگیز واقعات یکجا کر دیئے گئے ہیں جو قبر والے پر گزرتے ہیں۔ مختلف حوالوں سے برزخ کے واقعات ترتیب دیئے گئے ہیں۔ ان میں اگرچہ بعض واقعات کا تعلق کشف وکرامات اور خوابوں سے ہے۔ حالانکہ کشف وکرامات اور خواب، شرعی مسائل کے ثبوت میں حجت نہیں ہوتے۔ تاہم ترغیب وترہیب کے لیے ان میں عبرت کا سامان ضرور پایا جاتا ہے۔ قبر عبرت کی جا ہے۔ بقول جوش ملیح آبادی:

جا کسی تربت پہ نظر ڈال بہ عبرت کھل جائے گی تجھ پر تری دنیا کی حقیقت
عبرت کے لیے ڈھونڈ کسی شاہ کی تربت اور پوچھ کدھر ہے وہ تیری شانِ حکومت
کل تجھ میں بھرا تھا جو غرور' آج کہاں ہے اے کاسۂ سربول تیرا تاج کہاں ہے

اس حوالے سے یہ کتاب قابلِ مطالعہ ہے۔ دنیا کی رنگینیوں کے ساتھ ساتھ ایسی کتاب کا پڑھنا بھی بہت ضروری ہے کہ موت یاد رہے اور موت سے بڑھ کر اور کون سی چیز زیادہ نصیحت آموز ہو سکتی ہے۔

معیاری پرنٹنگ کے ساتھ ساتھ کتاب کا رنگین ٹائٹل جاذبِ نظر ہے۔

● کتاب: حضرت حاجی عبدالرحمٰنؒ مرتب: شبیر احمد خان میواتی

ضخامت: ۹۴ صفحات قیمت: ۵۰ روپے ناشر: ندوۃ المبلغین' بلال پارک بیگم پورہ لاہور

ملنے کا پتا: دارالکتاب' غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

بارہ سال کے ایک ہندو بچے (مکندارام) کے مسلمان ہونے کی ایک دلچسپ کہانی ...... میوات کے ایک عظیم نومسلم کے ایمان افروز اور روح پرور حالاتِ زندگی' جن کی پُرحکمت تبلیغی جدوجہد سے دو ہزار کے قریب غیر مسلم حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ مولانا محمد منظور نعمانی، قاضی محمد حسین دہلوی، جناب سرور میواتی، مولانا محمد زکریا کاندھلوی، حضرت مولانا عبدالقادر رائے پوری، قاری محمد طیب قاسمی، مولانا سید ابوالحسن علی ندوی (رحمتہ اللہ علیہم) جیسے رجالِ کبار کی زبانی مکندارام کے احوالِ زندگی جو رسولِ پاک ﷺ کی زیارت پر مسلمان ہونے کے بعد حاجی عبدالرحمٰن کے نام سے مشہور ہوئے۔ ایک

© rasailojaraid.com